*This Question Paper contains 12 printed pages.*

***(Section - A, B, C & D)***

Sl.No. 0899

# 05(U)

**(MAY, 2021)**

**(New Course)**

---

***Maximum Marks : 80]*** ***[Time : 3 Hours***

## ہدایات :

1) واضح صاف لکھاوٹ میں لکھیں۔

2) اس سوالیہ پرچہ میں **A, B, C, & D** چار سیکشن اور سوالیہ نمبر 1 سے 60 ہیں۔

3) تمام سوالات لازمی ہیں۔ صرف داخلی اختیارات ہیں۔

4) بائیں جانب کی تعداد سوال کے نشانات کی نمائندگی کرتی ہے۔

5) کُل چار حصّوں کے نمبر (مارکس) 80 ہیں۔ ہر حصّہ 20 نمبر (مارکس) کا ہے۔

6) جہاں بھی ضروری ہو صاف خاکہ اُتاریئے۔

7) جوابیہ پرچے میں نیا سیکشن نئے صفحے سے لکھے جائیں۔ اور جوابات کو عددی ترتیب میں لکھیں۔

---

## SECTION - A

### (نثر)

■ (الف) ذیل میں دی گئی جوڑیاں درست کر کے دوبارہ لکھیے۔ [4]

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| 1. سعادت حسن منٹو | (A) الطاف حسین حالیؔ |
| 2. چوری اور اس کا کفارّہ | (B) سر سیّد احمد خان |
| 3. سر سیّد کا بچپن | (C) محمد اسلم پرویز |
| 4. ماحول بچائیے | (D) سیّد عابد حُسین |
| | (E) نیا قانون |

■ (ب) مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو قوسین میں دئے گئے صحیح الفاظ کی مدد سے پُر کیجیے۔ [4]

5. بھولا یہ بات نہ سمجھ سکا کہ ایک شخص ایک وقت میں بھائی اور __________ کیسے ہو سکتا ہے۔ [1]

(بابا جی، ماموں، خالُو)

6. ماں بی بی مرنے کے چند گھنٹے پہلے سر سیّد کو ______ کا شربت پلا رہی تھی۔ [1]

(فالسے کا، آم کا، شہتوت کا)

7. ________ انقلاب سے ہمارے قدرتی وسائل متاثر ہوئے ہیں۔ [1]

(صنعتی، قومی، معاشی)

8. کِشن کنور ________ ڈرامے کی کردار ہے۔ [1]

(آؤ ڈرامہ کریں، آزمائش، انجام)

■(ج) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک جُملے میں لکھیے۔ (کوئی دو) [2]

9. گاندھی جی اور اُن کے دوست کو کس چیز کا چسکا لگا؟ [1]

10. تربیت یافتہ ملکوں میں عورتوں کے ساتھ کیسا سلوک کیا جاتا ہے؟ [1]

11. مارواڑی تانگے میں بیٹھے کس موضوع پر بات کر رہے تھے؟ [1]

■(د) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ (کوئی دو) [4]

12. سر سیّد نے اپنا بچپن کیسے گزارا؟ [2]

13. رام سہائے مل کے دروازے پر سپاہی آئے تو اُس نے کیوں کہا کہ میرے پاس امان کا پروانہ ہے [2]

14. انسان پر بہ نسبتِ نیکی کے بدی کا اثر جلد پڑتا ہے۔ ایسا کیوں؟ واضح کیجیے۔ [2]

■(ذ) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ (کوئی دو) [6]

15. ہمیں اپنے ماحول کو بچانے کے لئے کیا کیا اقدامات کرنے چاہیئے؟ [3]

16. بھولا کی واپسی کے منظر کو اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔ [3]

17. رام سہائے اور اُس کی بیوی بھاگوتی کے خیالات میں کیا فرق تھا۔ [3]

## SECTION - B

### (نظم)

■ (الف) ذیل میں دی گئی جوڑیاں درست کر کے دوبارہ لکھیے۔ [4]

| (الف) | | (ب) |
|---|---|---|
| .18 | گرمی اور دیہاتی بازار | (A) اقبال |
| .19 | لائی حیات آئی قضا لے چلی چلے | (B) میر ببر علی انیس |
| .20 | حقیقتِ حُسن | (C) شیخ محمد ابراہیم ذوق |
| .21 | رُباعی | (D) جوش |
| | | (E) اختر شیرانی |

■ (ب) قوسین میں دیے گئے الفاظ میں سے صحیح الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کیجیے۔ [4]

.22 عورتوں یا محبوب سے باتیں کرنا ایسا _______ صنف کے لئے کہا جاتا ہے۔ [1]

(مرثیہ، غزل، قصیدہ)

.23 رُباعی میں _______ مصرعے ہوتے ہیں۔ [1]

(پانچ، تین، چار)

24. دنیا میری بلا سے مہنگی ہے یا ستی ہے۔ [1]
_______ ملے تو مفت نہ لوں ہستی کی کیا ہستی ہے۔
(موت، زندگی، حیات)

25. ہماری درسی کتاب میں شاعر اختر شیرانی کی _______ نظم ہم نے پڑھی۔ [1]
(برکھارُت، او دیس سے آنے والے بتا، گجرات کی رات)

■ (ج) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے۔ (کوئی دو) [2]

26. مقطع کے قطعہ بند اشعار نے شاعر سوداؔ نے اپنی کس کیفیت کا اظہار کیا ہے؟ [1]

27. 'ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے ابھی چلے' اس مصرعے میں شاعر ذوق نے کس انسانی پہلو کی نشاندہی کی ہے؟ [1]

28. حُسن نے خدا سے کیا سوال کیا؟ [1]

■ (د) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب تین۔چار۔جملوں میں لکھیے۔ (کوئی دو) [4]

29. کامیاب دید اور محرومِ دید کی وضاحت کیجیے۔ (اصغر گونڈی) [2]

30. مطلع میں ادب اور ہوس الفاظ سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ (یاس یگانہ) [2]

31. رُباعی میں شاعر فراقؔ کس طرح کی تقدیر میں یقین رکھتا ہے؟ [2]

■(ذ) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھئے ۔(کوئی دو) [6]

32. پردیس میں وطن سے آنے والے شخص سے شاعر بے تاب ہوکر کیا کیا پوچھتا ہے؟ [3]

33. شاعر نے دیہاتی بازار کی منظر کشی کس طرح کی ہے؟ [3]

34. نظم 'حقیقتِ حُسن' کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں تفصیل سے بیان کیجئے۔ [3]

## SECTION - C

### (قواعد)

■ذیل میں دی گئیں ہدایات کے مطابق جواب لکھئے۔

35. ذیل میں دیئے گئے الفاظ میں سے صحیح تلفظ والے لفظ پہچان کر دوبارہ لکھئے۔ [1]

تصنیف، تسنیف، تشنیف

36. مرکبّ لفظ پہچان کر لکھئے۔ [1]

کفّارہ، خیرہ کُن، درخشاں

37. ذیل میں دیئے گئے جُملے میں سے مصدر پہچان کر لکھئے۔ [1]

– وہ اپنے مال سے جائداد خرید سکتی ہے۔

38. مندرجہ ذیل خط کشیدہ لفظ کی اِسم پہچان کر لکھیے۔ [1]

– تفریح کے لئے باغ بہترین جگہ ہے۔

39. مندرجہ ذیل جُملے میں اِسم کی صِفت پہچان کر لکھیے۔ [1]

– برفیلے علاقوں کے لوگ گورے ہوتے ہیں۔

40. مندرجہ ذیل الفاظ کی اِسم کیفیت بنائیے۔ [1]

بزرگ، کشمیر

41. ذیل میں دیئے گئے جُملے میں سے فاعِل پہچان کر لکھیے۔ [1]

← ایک سچّا شاعر یا ادیب جانتا ہے کہ کونسا لفظ کہاں استعمال کرنا ہے۔

42. ذیل کے جُملے میں خط کشیدہ الفاظ کی واحد کی جمع اور جمع کی واحِد لکھیے۔ [1]

– ٹیلی ویژن سے طلباء کی دلچسپی انھیں تعلیم سے دور کر رہی ہے۔

43. مندرجہ ذیل شعر کی صنعت پہچان کر لکھیے۔ [1]

بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق

عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی

44. مندرجہ ذیل غیر معیاری الفاظ کے معیاری الفاظ لکھیے۔ [1]

امرس، کھیوں

45. مندرجہ ذیل جُملے میں اِسم ضمیر پہچان کر لکھیے۔ [1]

– پھر اُس نے اپنے لال کو پیار سے بُلاتے ہوئے کہا۔

46. مندرجہ ذیل مجموعۂ الفاظ کے جامع لفظ لکھیے۔ [1]

← وہ زنجیر جس سے زمین کی پیائش کی جاتی ہے۔

47. مندرجہ ذیل محاورے کا معنیٰ لِکھ کر محاورے کو جُملے میں استعمال کیجیے۔ [1]

جان میں جان آنا

48. ذیل میں دی گئی کہاوت کا معنیٰ لکھیے۔ [1]

مچھلی کے جائے کو تیرنا کون سیکھائے۔

49. ذیل میں دئے الفاظ کے مترادف الفاظ لکھئے۔ [1]

لِغزش، خام

50. ذیل میں دئے گئے الفاظ کے متضاد الفاظ لکھئے۔ [1]

خوش گُمان، جدید

51. مندرجہ ذیل جُملے کی ترتیب دُرست کر کے دوبارہ جُملہ لِکھئے۔ [1]

اڈّے بہت منگو کو چوان عقلمند تھا جاتا اپنے میں سمجھا

52. ذیل میں دئے گئے سابقے اور لاحقے کا استعمال کر کے دو دو الفاظ بنائیے۔ [1]

فروش، بے، گر، با

53. ذیل کے مرکبّ لفظ کی ترتیب واضح کیجئے۔ [1]

صاحبِ فراش، دُور اندیش

54. مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لِکھئے۔ [1]

غُستال، مکین

## SECTION - D

### (مضمون نویسی)

(الف) مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی تشریح کیجئے۔ [4]

55. گزر میرا تیرے کوچے میں گو نہیں نہ سہی

میرے خیال میں تو، لاکھ بار گزرے ہے

یا

بہتر تو ہے یہی کہ نہ دُنیا سے دِل لگے

پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے

(ب) 56. آپ کے اسکول میں منائے گئے 'یومِ اساتذہ' کا احوال تقریباً 100 الفاظ میں لکھیے۔ [4]

(ج) ذیل کی عبارت کو پڑھ کر 1/3 (ایک تہائی) حصّے میں اختصار کیجئے اور مناسب عنوان دیجئے۔ [4]

57. ہماری دنیا میں ایسے لوگ بہت ہیں جو دولت، طاقت اور اختیار کے نشے میں سب کچھ بُھلا بیٹھے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ان کے پاس جو دولت ہے وہ کبھی ختم ہونے والی نہیں ہے، ان کا گمان ہے کہ ان کی طاقت یونہی بڑھتی جائیگی اور اُن کے اختیار اور اقتدار کا سامراجیہ یونہی پھلتا پھولتا رہے گا۔ اُن کی شان و شوکت

کا سورج کبھی ڈھلنے والے نہیں۔اہلِ علم سچ کہتے ہیں ''ہر کمالے راز والے''یعنی جو کوئی بھی اپنے کمال یا عروج پر پہنچتا ہے وہ آخر زوال یا خاتمے کو بھی پہنچتا ہی ہے۔دھن، دولت، طاقت، اختیار و اقتدار میں سے کوئی بھی لازوال نہیں ہے۔ان میں سے ہر ایک کے آفتاب کا طلوع ہونے کے بعد غروب ہونا یقینی ہے۔اس کے علاوہ جس طرح آفتابِ عالم تاب کو گہن لگتا ہے۔انہیں بھی گہن لگ سکتا ہے۔اور دن کے اجالوں میں سورج کی روشنی کی طرح ان کی چمک دمک اور سر بلندیاں سرنگوں ہو سکتی ہیں۔

(د) مندرجہ ذیل کسی ایک عنوان پر نکات کی مدد سے تقریباً 250 لفظوں میں مضمون لکھیے۔ [8]

58. آؤ ماحول بچائیں

نکات:۔ دنیا کے موسمی حالات میں تبدیلی۔۔۔۔۔۔شجر کشی اور بڑھتی ہوئی آبادی۔۔۔۔۔۔۔جنگلوں کا ستیاناش۔۔۔۔۔۔۔پانی بچانا۔۔۔۔۔۔۔۔شجر کاری کرنا۔۔۔۔۔۔۔۔زیادہ سے زیادہ لوگوں کو سمجھانا۔۔۔۔۔۔۔ماحول میں تبدیلیاں۔۔۔۔۔۔۔۔اسکولوں میں کوشش۔۔۔۔۔۔۔لوگوں میں بیداری۔۔۔۔۔۔

**59.** میرا پسندیدہ شاعر

شاعری کا شوق۔۔۔۔۔۔۔مطالعہ۔۔۔۔۔۔۔۔بہت سے شاعروں کے کلام۔۔۔۔۔پسندیدہ شاعر۔۔۔۔خصوصی طور پر پسند ہونا۔۔۔۔۔۔کیوں پسندیدہ۔۔۔۔۔زبانی یاد کئے اشعار۔۔۔۔۔۔

**60.** بین الاقوامی وبا کورونا

نام پہلی بار سُننا۔۔۔۔کورونا کی شروعات ۔۔۔۔لوگوں میں ہلچل مچنا۔۔۔۔۔وائرس کے بارے میں۔۔۔۔۔خبروں کے ذریعے معلومات ۔۔۔۔۔حکومت کے اقدامات اور انتظام ۔۔۔۔۔اپنے آپ کو بچانا۔۔۔۔

☆☆☆